18/11/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اخترسے خبریں سُنیے

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریند ر مودی کی سربراہی اور وزیر داخلہ امت شاہ کی رہنمائی میں جموں کشمیر نے اگست2019کے بعد ترقی کی نئی منزلیں طے کی ہیں۔

فرید آباد ہر یانہ میں کل وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں منعقدہ نارتھ زون کونسل کی 32ویں میٹنگ میں شرکت کے دوران لیفٹنٹ گورنر نے کہاکہ دفعہ370کی منسوخی کے بعد جموں کشمیر میں معاشی ترقی ، سرمایہ کاری ، بنیادی ڈھانچے کی وسعت ، کنکٹیوٹی اور خواتین و نوجوانوں کیلئے مواقعے کے اعتبار سے تاریخی تبدیلی آئی ہے ۔

انہوں نے کہاکہ دہشت پسندی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے سے تشدد ، ہڑتال اور پتھراؤ مکمل طور ختم ہو ئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی نارتھ زون کونسل میٹنگ میں شرکت کی۔ انہوں نے اس دوران مشن یوا، تعلیمی شعبے کی طرف دی جا رہی خصوصی توجہ ، کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے میں ترقی اور کار خانہ داری کو بڑھاوا دینے کی خاطر کئے جا رہے اقدامات کا ذکر کیا۔

عمر عبداللہ نے لگاتار مالی امداد کیلئے مرکزی سرکار کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ نارتھ زون کونسل ریاستوں کے درمیان تال میل اور شراکت داری کو فروغ دینے کا ایک بہترین پلیٹ فارم ہے ۔

عمر عبداللہ

کنسٹرکشن ورکرس ویلفیئر بورڈ کے Other وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ جو کہ جے اینڈ کے بلڈنگ اینڈ چیر مین بھی ہیں، نے یو ٹی کے سبھی اسسٹنٹ لیبر کمشنروں کو 30کروڑ 14لاکھ روپے کی رقم واگذار کی ہے تاکہ یہ رقم کلیدی فلاحی اسکیموں کے تحت مستحقین میں تعلیمی امداد ، Disablity Assistance,Chronic illness aid ، میریج اسسٹنس اور باقی زمروں کے تحت براہ راست اُن کے بینک کھاتوں میں ٹرانسفر کی جا سکے ۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتونے اداروں پرزور دیا ہے کہ انہیں یک جٹ ہو کر یہ بات یقینی بنانی چاہئے کہ خواتین کو عزت ملے اور ان کی ہر سطح پر مدد کی جاسکے۔

کشمیر یونیورسٹی میں تین روزہ لیڈر شپ پروگرام فار ویمن منیجرس اِن ہائر ایجوکیشن کے عنوان سے منعقد ہو رہے ورکشاپ سے Challenges, Oppurtunities & Strategies افتتاحی خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ خواتین کی صلاحیتوں اور کام کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے تاکہ وہ تعلیم کے شعبے میں قائدانہ کردار ادا کر سکیں۔

صنعت کاری

موجودہ مرکزی سرکار کی توجہ دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ مرکزی سرکار صنعت کاری اور کار خانہ داری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے جس کے نتیجے میں ملک بھر میں سٹارٹ اپس کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔سٹارٹ اپ پالیسی اور اس تعلق سے موزون ماحول کے قیام کے کے سینئر اسسٹنٹ پروفیسر "The Business School"والے سے جموں یونیورسٹی میں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔Aubid Hussain Parrayڈاکٹر

نیشنل گیمز

جموں کشمیر میں 69ویں نیشنل اسکول گیمز کے تحت انڈور سپورٹس کمپلیکس جمونمیں انڈر19 گرلزرمرے کے ٹائیک وانڈو کھیل مقابلوں کا انعقاد جاری ہے۔ کل کھیلے گئے مقابلوں میں کیندریا ودھیالیہ سنگٹھن، اُترا کھنڈ اور مہاراشٹر کے کھلاڑیوں کا پلڑا بھاری رہا ، جن کے کھلاڑیوں نے اپنے اپنے زمروں میں سونے کے تمغے حاصل کئے۔

دریں اثنا جموں کشمیر کی اربینہ الطاف نے لڑکیوں کے زمرے میں کل شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے تاریخ رقم کی ۔ اربینہ الطاف نے لڑکیونکے زمرے میں جمونکشمیر کیلئے سونے کا پہلا تمغہ حاصل کیا ۔ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسزجموں کشمیر کی ڈائریکٹر جنرل انو رادھا گپتانے اربینہ الطاف کی سراہنا کرتے ہوئے کہاکہ پری کواٹر فائنل میں زخمی ہونے کے باوجود اُس نے زبردست کھیل کا مظاہر ہ کرکے جموں کشمیر کا نام روشن کیا۔

گولڈ میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا

-.......................

شوپیان

ڈرگ کنٹرولر شوپیان نے ڈرگس اینڈ کاسمیٹکس ایکٹ کی خلاف ورزی کی پاداش میں ایک کی چار Pregabalin میڈیکل شاپ کو سربمہر کر دیا۔ مقفل کئے گئے میڈیکل شاپ سے ہزار960ٹکیاں بھی بر آمد کی گئی ہیں۔

درجہ□رارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ□رارت منفی1اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ□رارت 11 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا□افظ